سوال

(848) نمازِ تراویح اور نمازِ وِتر کے علاوہ مزید نوافل یا تہجد ادا کی جا سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان المبارک میں تراویح اور وِتر کے علاوہ مزید نوافل یا تہجد ادا کی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسئلہ ہذا میں اہلِ علم کا اختلاف ہے۔ بعض عدمِ جواز کے قائل ہیں جب کہ دیگر جواز کے قائل ہیں۔ بظاہر جواز ہے۔ حدیث میں ہے کہ ایک صحابیٔ رسول نے جنت میں آپ کی ہمسائیگی کا سوال کیا تھا، تو آپ نے انھیں فرمایا:

'فَأَعِنِّي عَلَى نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُودِ' (صحیح مسلم، بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ، رقم: ۴۸۹)

نمازِ تراویح دراصل تہجد ہی ہے۔ علیحدہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 726

محدث فتویٰ